

خبرنامۂ فوکس

اردو کے طلبہ وطالبات کی تعلیمی پیش رفت اور کارکردگی کا عکاس






# طلبہ وطالبات کے مختصر مضامین

## اسمارٹ فون کے ذریعے اردو کتابت کا کام مضمون نگار طلبانے ہی انجام دیا

## نمائش



**محمد مظفر الدین معاذ، جماعت ہفتم**


حیدرآباد میں ہر سال نمائش میدان میں نمائش کا اہتمام ہوتا ہے۔وہاں پر مختلف شہر کے لوگ آکر دکانات لگاتے ہیں۔وہ اپنے شہر کی بنی مختلف چیزوں کی نمائش کرتے ہیں۔ یہاں بہت سے لوگ اسے دیکھنے اور لطف اٹھانے کے لیے نمائش میدان جاتے ہیں اور نئی نئی چیزیں وہاں سے خریدتے ہیں جو مختلف مقامات کے ہوتے ہیں اور بچوں کے لے یہ نمائش تفریح کا ایک مرکز ہے. بچے ہر سال نمائش کا انتظار کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے کھیلنے کا سامان لائے اور مزے کریں ۔

## ماں باپ کی عزت



**محمد فرحان جعفر، جماعت ہفتم اے**

ماں باپ کی عزت کرو۔ماں باپ سے بدمیزی نہ کرو ان کی ہر بات سنو۔ماں کے پیروں کے نیچے جنّت ہے اور باپ جنّت کا دروازہ ہے۔ جب ہم چھوٹے ہوتے ہیں تو ہمارا خیال ماں باپ ہی رکھتے ہیں۔جب ماں باپ بوڑھے ہو جائیں تو ہم کو ماں باپ کا خیال رکھنا چاہیے۔یہ ہمارا فرض ہے۔




## ماں باپ کا احترام

(مختصر کہانی)



**کلثوم فاطمہ، جماعت ششم بی**

ایک لڑکی جس کا نام یاسمین تھا۔وہ بہت بدتمیز تھی اور اپنے ماں باپ سے ٹھیک طریقے سے بات نہیں کرتی تھی۔ ایک دن وہ اپنے ماں باپ سے لباس کے لیے ضد کررہی تھی۔یاسمین کے ماما اسی وقت اس سے ملنے کے لیے گھر آئے اور جب گھر میں داخل ہوئے تو یاسمین اپنے ماں باپ سے بدتمیز سے پیش آرہی تھی۔

یہ دیکھ کر اس کے ماما بہت نجیدہ ہوئے اور یاسمین سے کہا: مجھے آپ سے یہ امید نہ تھی۔اپنے والدین سے ایسے پیش آنا بُری بات ہے اور ایسا کرنا گناہ بھی ہے۔یاسمین کو اپنی غلطی کا احساس ہوا اور اس نے اپنے ماں باپ سے معافی مانگی اور آئندہ ایسا کوئی بھی کام نہ کرنے کی قسم کھائی۔

## والدین کی عظمت



**مسکان فاطمہ، جماعت ششم بی**

والدین کی عزت ایک ایسا م کام ہے جو ہمیں جنت کے راستے پر لے جاتا ہے۔ آپ جانتے ہوں گے کہ والدہ کے پاؤں کے نیچے جنت ہے اور والد جنت کا دروازہ ہے۔ ہمیں ہمیشہ والدین کی عزت کرنی چاہیے۔ ہمیں ان کی ہر بات مانی چاہیے۔ ہمیں والدین کو کبھی تکلیف نہیں دینی چاہیے۔ ہمیں ان سے اونچی آواز میں بات نہیں کرنی چاہیے۔




حیرت انگیز حقائق جو آپ کو معلوم ہونے چاہیں

## اڑن مچھلی کیسے اڑتی ہے؟

